بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

قیمت 10

جلد نمبر 17 | بروز پیر 6 جولائی 2026ء/ 20 محرم الحرام 1448ھ | شمارہ نمبر 276

www.imroz.com.pk

بدلتی عالمی صورتحال کے تناظر میں معاشی شراکتداری کی وسعت اہم ضرورت ہے، اسحاق

پاکستان اور ترکیہ نے ہمیشہ ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیا ہے، دونوں ملکوں کی قیادت اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ ہمارا اثاثہ ہے

کاروبار دوست ماحول کی فراہمی ہماری ترجیح ہے بدلتے عالمی منظر نامے میں معاشی تعاون کی جہت بھی تبدیل ہوئی ہے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (یو این اے) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بدلتی عالمی صورتحال کے تناظر میں معاشی شراکت داری کو وسعت دینا وقت کی ضرورت ہے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے بی ٹو بی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ نے ہمیشہ ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیا ہے، دونوں ملکوں کی قیادت اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ ہمارا اثاثہ ہے، کاروبار دوست ماحول کی فراہمی ہماری ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدلتے عالمی منظر نامے میں معاشی تعاون کی جہت بھی تبدیل ہوئی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

حب میں پولیس کی بروقت کارروائی، غیر قانونی قید سے ضعیف شخص بازیاب، دو ملزمان گرفتار

معمر شخص کو زنجیروں میں جکڑ کر تشدد کا نشانہ بنایا گیا، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج، پولیس

حب (یو این اے) حب کے علاقے بلوچ کالونی میں پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایک ضعیف العمر شخص کو مبینہ طور پر غیر قانونی قید سے بازیاب کرالیا، جبکہ اس الزام میں دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ایس پی حب کی خصوصی ہدایات پر بیروٹ پولیس نے رات تقریباً 10:30 بجے ایک مکان پر چھاپہ مارا، جہاں ایک معمر شخص کو ہاتھوں اور پاں (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

آبنائے ہرمز ہی ایران کا جوہری ہتھیار ہے، نائب چیئرمین روسی سلامتی کونسل

تہران (اے این این) روس کی سلامتی کونسل کے نائب چیئرمین اور سابق صدر دمتری میدویدیف نے کہا ہے کہ جنگ کے دوران آبنائے ہرمز نے ایران کو غیر معمولی تزویراتی برتری فراہم کی، آبنائے ہرمز ہی ایران کا جوہری ہتھیار (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

5 جولائی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، نوابزادہ جمال رئیسانی

جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوام کے حقِ حکمرانی کی جدوجہد جاری رہے گی، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی نے 5 جولائی کو پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ وہ دن تھا جب عوام کے مینڈیٹ کو غصب کیا گیا، آئین کو کمزور کیا گیا اور ملک کے جمہوری سفر کو پٹری سے اتار دیا گیا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ اس غیر آئینی مداخلت کے اثرات آج بھی ملک کی سیاسی فضا پر نمایاں ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

تہران، ایرانی رہبر اعلیٰ آیت اللہ خامنہ ای اور ان کے اہلخانہ کے دیگر شہداء کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

وزیراعظم: پاکستان اور ترکیہ کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط اور بلند مقام تک لے جائیں گے

تاریخی شہر استنبول میں صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات میرے لیے انتہائی خوشی کا باعث بنی، ہماری گفتگو میں پاکستان ترکیہ سٹریٹجک شراکت داری کے تمام اہم پہلوں کا احاطہ کیا گیا

برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط اور بلند مقام تک لے جائیں گے، بزنس کانفرنس میں ترکیہ کی متحرک کاروباری برادری کے ممتاز نمائندوں سے ملاقات کا بھی موقع ملا، بیان

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اقتصادی شراکت داری ایک نئے اور نہایت امید افزا دور میں داخل ہو رہی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ تاریخی شہر استنبول میں صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات میرے لئے انتہائی خوشی کا باعث بنی، ہماری گفتگو میں پاکستان ترکیہ سٹریٹجک شراکت داری کے تمام اہم پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ترک صدر کے ساتھ تنازعات کے حل اور بین الاقوامی امن و سلامتی کے تحفظ کیلئے مکالمہ ہوا، سفارت کاری اور باہمی احترام ہی واحد پائیدار راستہ ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر اردوان کی مہمان نوازی پر ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا، اور دوطرفہ تجارت کو 5 ارب امریکی ڈالر تک پہنچانے کے مشترکہ ہدف کو حاصل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط اور بلند مقام تک لے جائیں گے، بزنس کانفرنس میں ترکیہ کی متحرک کاروباری برادری کے ممتاز نمائندوں سے ملاقات کا بھی موقع ملا۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اقتصادی شراکت داری ایک نئے اور نہایت امید افزا دور میں داخل ہو رہی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

قلعہ عبداللہ اور ڈیرہ بگٹی میں دو مختلف واقعات 8 افراد جاں بحق

قلعہ عبداللہ کلی بداون میں فائرنگ کا واقعہ کاکوزئی قوم کے ساتھ دیرینہ قبائلی دشمنی کا شاخسانہ، مخالف گروپ نے سوشل میڈیا پر کارروائی کی ذمہ داری قبول کر لی

ڈیرہ بگٹی کے علاقے دریجن میں دو گروہوں میں جھگڑے ہوا فائرنگ کے نتیجے میں چار افراد جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک شخص زخمی ہو گیا

قلعہ عبداللہ (یو این اے) قلعہ عبداللہ، کلی بداون میں فائرنگ کے میں 4 افراد جانبحق ہو گئے پولیس ذرائع نے واقعے کی تصدیق کی ہے تفصیلات کے مطابق آج علی الصبح کلی بداون میں فائرنگ کے ایک واقعے میں 4 افراد جانبحق ہو گئے جانبحق ہونے والوں میں کمانڈر عبیداللہ سمیت 4 دیگر افراد ایمل، شاہد اور ضیاالرحمان شامل ہے پولیس ذرائع نے بھی واقعے کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ یہ واقعہ آج علی الصبح پیش آیا، واقعے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

لسبیلہ میں طوفانی بارش اور آندھی، دو مکانات منہدم، 2 بچے زخمی

شدید بارش و آندھی سے گھروں، سولر سسٹمز اور آمدورفت کو نقصان، متاثرین کا فوری امداد کا مطالبہ

لسبیلہ (یو این اے) لسبیلہ کے پہاڑی علاقے کنراج میں طوفانی بارش اور تیز آندھی کے باعث دو رہائشی مکانات مکمل طور پر منہدم ہو گئے، جبکہ متعدد گھروں کی چھتیں اڑ گئیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

وفاقی وزیر حسن اقبال اور لینڈ و بلڈ ریڈا، امریکہ میں ایک مصروفیت کے دوران پاکستانی امریکی کاروباری برادری کے ارکان سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی کا کاشغر میں این ایل سی کے لاجسٹکس مرکز کا دورہ

اسلام آباد (یو این اے) چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے کاشغر میں این ایل سی کے لاجسٹکس مرکز کا دورہ کیا، اس موقع پر انہیں این ایل سی کی سرحد پار لاجسٹکس سرگرمیوں اور سہولیات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ تفصیلات (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

عباس عراقچی سے حماس اور حزب اللہ کے وفود کی ملاقات، حمایت جاری رکھنے کا اعادہ

لبنان میں جنگ کے خاتمے اور کشیدگی میں کمی کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھی جائیں گی، عراقچی

تہران (اے این این) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے حماس اور حزب اللہ کے وفود نے ملاقات کی، جس میں خطے کی صورتحال اور اسرائیلی کارروائیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

جمعیت علما اسلام ضلع لسبیلہ کے مجلسِ عمومی اجلاس میں اہم تنظیمی و عوامی قراردادیں منظور

دیوی پر پابندی ختم، پورالی ندی کے بندات مضبوط اور مقامی وسائل پر عوام کا حق یقینی بنایا جائے، جے یو آئی لسبیلہ

اوتھل (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع لسبیلہ کی ضلعی مجلسِ عمومی کا اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد نعیم روئنجھو کی صدارت میں مدرسہ دارالعلوم رحمانیہ، رحمت مسجد (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

کوئٹہ، مزدور کوئٹہ میں سمنگلی روڈ پر سڑک کی تعمیر کے کام میں مصروف ہیں

مصر کا ایران امریکہ مفاہمتی یادداشت کی شرائط پر عملدرآمد برقرار رکھنے پر زور

قاہرہ (یو این اے) مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے امریکہ اور ایران کے درمیان دستخط ہونے والی مفاہمتی یادداشت کی شرائط پر عملدرآمد کیلئے پیشرفت اور رفتار برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ایک بیان میں (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

جیکب آباد کے قریب زمین کے تنازع پر دو گروپوں میں فائرنگ، 4 افراد زخمی

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد کے قریب زمین کے تنازع پر دو گروپوں میں فائرنگ، 4 افراد زخمی۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل گڑھی خیرو کے علاقے محمد پور اوڈھو میں زمین کے تنازع پر ملغانی برادری کے دو گروپوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں فائرنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

مبینہ توہین آمیز سوشل میڈیا مواد کیس، آغا رضا کو کوئٹہ سے گرفتار کر لیا گیا

مذہبی جذبات مجروح کرنے اور نفرت انگیز مواد پھیلانے پر قانون کے مطابق سخت کارروائی ہوگی، این سی سی آئی اے

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی) این سی سی آئی اے (بلوچستان نے کوئٹہ پولیس کے تعاون سے کارروائی کرتے ہوئے مبینہ توہین آمیز سوشل میڈیا مواد کی اشاعت کے مقدمے میں مرکزی ملزم آغا رضا کو کوئٹہ سے گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق اس حوالے سے مقدمہ پہلے ہی درج کیا جا چکا تھا اور کیس کی تحقیقات جاری ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

کالعدم ایکشن کمیٹی نے راولاکوٹ میں آزاد کشمیر پولیس کے 4 اہلکاروں کو اغوا کر لیا

کانسٹیبلز شاہد شفیق، محمد صغیر، محمد اشتیاق اور ذیشان اسحاق کو اغوا کیا گیا ہے

مظفر آباد (اے این این) کالعدم ایکشن کمیٹی کے شرپسندوں نے راولاکوٹ میں آزاد کشمیر پولیس کے 4 اہلکاروں کو اغوا کر لیا۔ راولاکوٹ دھرنے میں عوام کی عدم دلچسپی کے باعث کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہے، دھرنے کی واضح ناکامی کے بعد (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

پیپلز پارٹی کی جمعیت کو بلوچستان میں حکومت میں شامل ہونے کی دعوت

بلاول بھٹو زرداری کی مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات اور بلوچستان میں حکومت بنانے کی دعوت دی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات اور بلوچستان میں حکومت بنانے کی دعوت دی جس پر مرکزی امیر مولانا فضل الرحمٰن نے صوبائی قیادت کو ہدایت جاری کی کہ وہ اس (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

راولپنڈی میں قیدی وین سے فرار تمام حوالاتی گرفتار کر لیے: پولیس

72 گھنٹے کے اندر 14 میں سے 13 مفرور حوالاتیوں کو گرفتار کیا، ترجمان

راولپنڈی (اے این این) قیدی وین سے فرار حوالاتیوں کی گرفتاری کیلئے گرینڈ آپریشن مکمل کر لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق تمام 14 حوالاتی گرفتار کر لیے گئے جس میں آخری مفرور حوالاتی اسد بھی شامل تھا۔ دوسری جانب ذرائع نے بتایا کہ 72 گھنٹے کے اندر 14 میں سے 13 مفرور حوالاتیوں کو گرفتار کیا، 14 ویں مفرور حوالاتی کی گرفتاری تک مسلسل جاری سرچ آپریشن جاری رہا جواب اختتام پذیر ہو گیا۔ علاوہ ازیں ترجمان راولپنڈی پولیس کا مزید کہنا تھا کہ آپریشن (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

5 جولائی پاکستان کی جمہوری تاریخ کا سیاہ دن ہے، بلاول بھٹو

شہدا کی قربانیوں کا حقیقی خراج یہی ہے کہ نفرت اور آمریت کے ہر سائے کو مسترد کرتے ہوئے ایک متحد، جمہوری اور ترقی پسند پاکستان کی تعمیر جاری رکھی جائے

آج 49 برس بعد بھی ہمارا عزم وہی ہے کہ آئین کی بالادستی کا ہر قیمت پر دفاع کریں گے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (اے این این) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 5 جولائی 1977 پاکستان کی جمہوری تاریخ کا سیاہ دن ہے، جب عوام کے مینڈیٹ، آئین اور پارلیمانی جمہوریت پر شب خون مارا گیا۔ ایک بیان میں بلاول بھٹو کا کہنا ہے کہ آمریت نے یہ سمجھا تھا کہ وہ عوام کی آواز دبا دے گی، مگر شہید بھٹو، شہید محترمہ اور بے شمار جمہوریت پسند کارکنوں کی قربانیوں نے ثابت کیا کہ حق اور عوامی حاکمیت کو کبھی شکست نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ آج 49 برس بعد بھی ہمارا عزم وہی ہے کہ آئین کی بالادستی کا ہر قیمت پر دفاع کریں گے، ووٹ کے تقدس، پارلیمانی جمہوریت اور عوام کے حقِ حکمرانی کا تحفظ کریں گے۔ بلاول بھٹو نے مزید کہا کہ شہدا کی قربانیوں کا حقیقی خراج یہی ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ڈونلڈ ٹرمپ کے کرپٹو پروجیکٹ اور پاکستان میں اربوں ڈالرز کا معاہدہ

بلال بن ثاقب دونوں فریقین کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کرنے والوں میں شامل

اسلام آباد (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے کرپٹو پروجیکٹ اور پاکستان میں اربوں ڈالرز کا معاہدہ ہوا، امریکی کمپنی ورلڈ لبرٹی فنانشل (WLF) کے سابق مشیر اور (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

قطر نے تمام بحری سرگرمیاں فوری طور پر بحال کرنے کا اعلان

قطر نے ایران کے ساتھ اپنی بندرگاہوں کے درمیان بحری تجارت بھی دوبارہ شروع کر دی

دوحہ (جی این ایم) قطر نے تمام بحری سرگرمیاں فوری طور پر بحال کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ایران کے ساتھ اپنی بندرگاہوں کے درمیان بحری تجارت بھی دوبارہ شروع کر دی ہے۔ قطری وزارت ٹرانسپورٹ کے مطابق بحری سرگرمیاں فوری طور پر بحال کر دی گئی ہیں جب کہ ایرانی سرکاری میڈیا نے بھی دونوں ممالک کے درمیان تجارتی راستے کی بحالی کی (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

زرخیز ضلع جعفر آباد گزشتہ 16 سالوں سے نہری پانی سے محروم ہے، عبدالمجید بادینی

حکومت سنجیدگی سے صورتحال کا نوٹس لے اور پٹ فیڈر نہر سے جعفر آباد کے نہروں میں زرعی پانی کا حصول ممکن بنائے، پارلیمانی سیکرٹری

فریدآباد (اے این این) رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی میر عبدالمجید بادینی نے جعفر آباد میں ایک اہم نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کا زرخیز ضلع جعفر آباد گزشتہ 16 سالوں سے نہری پانی سے محروم ہے 2010 کے تباہ کن سیلاب کے باعث زراعت کا شعبہ متاثر ہونے سے کسان کاشتکار نان شبینہ کے محتاج بن چکے ہیں انکی (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

ڈیرہ اللہ یار میں پانی بھرتے ہوئے بجلی کا کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق

ڈیرہ اللہ یار (جی این ایم) بلوچستان کے علاقے میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ جعفر آباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں پانی بھرتے ہوئے ایک نوجوان کو بجلی کا کرنٹ لگ گیا جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جان (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

ایرانی رہبر اعلیٰ اور انکے اہلخانہ کی نماز جنازہ ادا لاکھوں سوگواروں کی شرکت

آیت اللہ جعفر سبحانی نے شہید ایرانی سپریم لیڈر کی نماز جنازہ پڑھائی، تہران میں فضا سوگوار، ہر آنکھ اشکبار، سخت ترین سکیورٹی انتظامات

آج جسد خاکی کو عراقی شہر نجف اور کربلا لے جایا جائے گا، 9 جولائی کو شہید سپریم لیڈر کی ان کے آبائی شہر مشہد میں تدفین کی جائیگی

تہران (اے این این) شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی نماز جنازہ تہران کی گرینڈ مصلی کمپلکس میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں علی خامنہ ای کے تین بیٹے، ایرانی صدر مسعود پزشکیان، سپیکر باقر قالیباف سمیت اعلیٰ حکومتی عہدیدار شریک ہوئے، (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

ٹیلی کام بل سے کسی کی ذاتی زمین اور جائیداد پر زبردستی قبضہ نہیں ہوگا، شہزا

نجی پراپرٹیز کے حوالے سے کینگریز طے کی جائیں گی، نئے ٹیلی کام بل کا مقصد ملک میں تیز رفتار انٹرنیٹ کی فراہمی ہے، اتفاق رائے سے قانون سازی کی جا رہی ہے، وفاقی وزیر آئی ٹی، ٹیلی کمیونیکیشن ایکٹ کا بل 6 ترامیم کے ساتھ منظور ہوا، وزیر قانون

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی شہزا فاطمہ نے کہا ہے کہ نئے ٹیلی کام بل کے ذریعے کسی بھی شہری کی ذاتی زمین یا جائیداد پر کوئی زبردستی قبضہ نہیں کیا جائے گا، نجی پراپرٹیز کے حوالے سے باقاعدہ کینگریز طے کی جائیں گی۔ وہ یہاں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی تھیں۔ وفاقی وزیر شہزا فاطمہ کا کہنا تھا کہ ٹیلی کام بل پر مالی بے ضابطگیاں اور دیگر الزامات (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

اسلام آباد، لڑکی کو زبردستی کار میں بٹھانے سے منع کرنے پر پاک فضائیہ کے افسر کو قتل کر دیا گیا

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد کے شاہین چوک میں لڑکی زبردستی کار میں بٹھانے سے منع کرنے پر مسلح ملزم نے پاک فضائیہ کے افسر کو گولی ماردی۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ نامعلوم ملزم جواں سالہ لڑکی کو اپنی کار میں زبردستی بٹھانے کی کوشش کر رہا تھا، راہ جاتے فضائیہ کے آفیسر جن کی شناخت عاصم طارق کے نام سے ہوئی نے ملزم کو روکا، ملزم نے اسی دوران (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

کابل یونیورسٹی میں دھماکہ، 20 طلبا زخمی ہو گئے، ہسپتال منتقل

کالعدم ٹی ٹی پی کا کمانڈر خالد مسعود صوبہ غزنی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ہلاک

کابل (اے این این) افغانستان کے دارالحکومت کابل میں واقع کابل یونیورسٹی کے طلبہ ہاسٹل میں دھماکے کے نتیجے میں 20 کے قریب طلبا زخمی ہو گئے۔ افغانستان انٹرنیشنل کے مطابق کابل گزشتہ شب ہونیوالے دھماکے میں زخمی ہونے والے تقریباً 20 طلبا کو علی آباد ہسپتال منتقل کیا گیا۔ جہاں تمام زخمیوں کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے۔ دھماکے کے فوراً بعد سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ویڈیو میں متعدد ایمبولینسوں کو کابل یونیورسٹی کے ہاسٹل کے باہر دیکھا جا سکتا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

علی خامنہ ای کی نماز جنازہ، تہران میٹرو میں 70 لاکھ افراد نے سفر کر کے نیا ریکارڈ بنا ڈالا

تہران میٹرو انتظامیہ نے اس موقع پر اضافی ٹرینیں چلائیں جبکہ متعدد اسٹیشنوں پر عملے کی تعداد بھی بڑھا دی گئی

تہران (جی این ایم) ایران کے شہید سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی نماز جنازہ کے موقع پر تہران کے میٹرو نیٹ ورک پر غیر معمولی رش دیکھنے میں آیا، جہاں چند گھنٹوں کے دوران 70 لاکھ سے زائد مسافروں نے سفر کیا۔ ایران کی نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی تسنیم نیوز کے مطابق ہفتے کی شام ساڑھے پانچ بجے سے اتوار کی صبح سات بجے تک تہران میٹرو کے ذریعے 70 لاکھ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بیوٹمز کے پروائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس کا سی، سی ای او قائم لاشاری، اسسٹنٹ پروفیسر احسن اچکزئی جولائی میں بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو یوتھ لیڈ ڈیولپمنٹ اینڈ اکنامک انکلوشن کے حوالے سے منعقدہ تقریب اختتام پر گروپ

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا کیپٹن کرنل شیر خان شہید کو خراجِ عقیدت

اسلام آباد (جی این ایم) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان ناصر نے کیپٹن کرنل شیر خان شہید (نشانِ حیدر) کے 27 ویں یوم شہادت کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے دفاعِ وطن کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے بہادری، جرات اور حب الوطنی کی ایسی لازوال مثال قائم (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

صدر اور وزیراعظم کا کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی 27 ویں برسی پر خراج عقیدت

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت اور وزیراعظم نے کارگل جنگ کے ہیرو کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی 27 ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی لازوال قربانی ہمیشہ زندہ (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

حکومت بلوچستان آزاد، ذمہ دار اور پیشہ ور صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے، شاہد رند

حکومت بلوچستان میڈیا کے نمائندہ اداروں سے تصادم نہیں بلکہ تعمیری مشاورت کی خواہاں ہے، تجاویز ہیں تو حکومت ان پر سنجیدہ غور کے لئے تیار ہے

مجوزہ میڈیا پالیسی کے حوالے سے تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی آراء کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے سیاسی و میڈیا امور

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان آزاد، ذمہ دار اور پیشہ ور صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے اور مجوزہ میڈیا پالیسی کے حوالے سے تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی آراء کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے انہوں نے کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان میڈیا کے نمائندہ اداروں سے تصادم نہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

آبنائے ہرمز میں غیر ملکی فوجی موجودگی ناقابلِ قبول ہے، ایران کا انتباہ

عمان کے ساحل کے قریب آبنائے ہرمز عبور کرنے کی کوشش کرنے والے آٹھ تجارتی جہازوں کو واپس موڑ دیا گیا، ایرانی میڈیا

تہران (اے این این) ایران نے آبنائے ہرمز میں غیر ملکی فوجی موجودگی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ یہ حساس آبی گزرگاہ کسی بھی بیرونی طاقت کے فوجی مظاہرے کی جگہ نہیں بن سکتی۔ ایران کے نائب وزیر خارجہ برائے قانونی و بین الاقوامی امور، (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

یمن کے قریب بحیرہ احمر میں مال بردار جہاز پر نامعلوم مسلح افراد کا حملہ

حملے کے دوران جہاز سے ہنگامی امدادی سگنل (ڈسٹریس الرٹ) موصول ہوا، یو کے ایم ٹی او کا آغاز کر دیا گیا ہے

صنعاء (اے این این) یمن کے ساحل کے قریب بحیرہ احمر میں ایک مال بردار جہاز نامعلوم مسلح افراد کے حملے کی زد میں آ گیا، جبکہ واقعے کے بعد تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ برطانیہ کے میری ٹائم تجارتی آپریشنز (یو کے ایم ٹی او) نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

مؤثر سفارتکاری اور امن سے پاکستان کا عالمی تشخص مضبوط ہوا: فیصل کریم کنڈی

پلوامہ واقعے کی آڑ میں پاکستان کو دہشت گرد ریاست قرار دلوانے کی کوشش ناکام ہوئی، گورنر کے پی

پشاور (اے این این) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی مؤثر سفارتکاری اور امن سے پاکستان کا عالمی تشخص مضبوط ہوا بونیر میں پارٹی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ پلوامہ واقعے کی آڑ میں پاکستان کو دہشت گرد ریاست قرار دلوانے کی کوشش (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

ریلوے ٹریک کو چیلنج کرنے والے عناصر ناکام ہونگے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

چار ارب روپے کی خطیر رقم سے صوبے بھر کے سرکاری سکولوں، کالجوں اور صحت کے مراکز میں تیز رفتار انٹرنیٹ پہنچایا جائے گا تاکہ ڈیجیٹل دور کے تقاضے پورے ہوں

پنشن ریفارمز، الیکٹرک وہیکلز پالیسی اور غیر ضروری اخراجات میں کمی لانا صوبائی حکومت کی جامع اصلاحات کا حصہ ہے، جس کا بنیادی مقصد مالی نظم و ضبط کو بہتر بنانا ہے

کوئٹہ (اے این این) بلوچ یکجہتی کمیٹی نے لاپتہ افراد اور عوامی حقوق کی آڑ میں عوام کو تشدد پر اکسانے کی مذموم کوشش کی، گوادر سمیت بلوچستان کے ہر ضلع کے نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کیلئے کئی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے پہلی بار پنشن ریفارمز، الیکٹرک وہیکلز پالیسی، غیر ضروری اخراجات میں کمی اور کئی محکموں میں جامع اصلاحات کیں، بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ اور اسکالرشپس کی مد میں خصوصی فنڈ مختص کیے گئے ہیں۔ بلوچستان میں چار ارب روپے کے منصوبے کے تحت تمام سرکاری اسکولوں، کالجوں، جامعات اور صحت کی مراکز میں تیز رفتار انٹرنیٹ کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، پاکستان کی انتہائی پیشہ ورانہ اور باصلاحیت مسلح افواج کی موجودگی میں (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

یمن میں حوثیوں کا حملہ، سرکاری فوج کے 14 اہلکار ہلاک

صنعا (جی این ایم) یمن میں ایران سے منسلک حوثی باغیوں اور سرکاری افواج کے درمیان ایک بار پھر شدید جھڑپیں ہوئیں، جن میں کم از کم 14 سرکاری فوجی اہلکار ہلاک ہو گئے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

حکومت کا محنت کش خاندانوں کیلئے تعلیمی اعلان، مزید ایک لاکھ بچوں کو تعلیم دینے کا فیصلہ

وزیراعظم کی فوری عملدرآمد کی ہدایت، ورکرز ویلفیئر فنڈ کو جدید اور عوام دوست ادارہ بنایا جائے گا، چودھری سالک حسین

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت نے محنت کش طبقے کے بچوں کو مساوی تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے مزید ایک لاکھ بچوں کو تعلیم کی سہولت (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

کوئٹہ نیشنل پارٹی کی صوبائی ایجوکیشن سیکرٹری سعدیہ بادینی ایس بی کے ماڈل سکول میں سائنسی نمائش کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

ملک کی سلامتی کیلئے فوج نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، سلیم کھوسہ

لازوال قربانی پاکستان کی عسکری تاریخ کا روشن باب ہے، جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہے گی شہداء کے درجات کی بلندی، ملکی سلامتی، کیلئے دعا گو

روزنامہ
امروز
کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس ہیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس شاپ نمبر TF-02 تیسری منزل ایگل پلازہ، ایگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا
فون: 2835212 فیکس: 2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

کسان کھیت پانی کے ایک ایک بوند کیلئے ترس رہے ہیں

ضلع صبحت پور کے کسان شدید پریشانی کا شکار ہیں، کسان کھیت کو پانی دینے کی ایک ایک بوند کے لئے ترس رہے ہیں، فصلیں سوکھ رہی ہیں اور محنت کش کسان کی سال بھر کی امیدیں خطرے میں ہیں، اگر بروقت پانی فراہم نہ کیا گیا تو اس کا نقصان صرف ایک کسان کا نہیں بلکہ پورے ضلع کی معیشت اور عوام کے مستقبل کا ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کسان زندہ ہوگا تو زراعت زندہ ہوگی، زراعت زندہ ہوگی تو ضلع خوشحال ہوگا، لہذا آئیں اپنے کسان کو مایوس نہ ہونے دیں۔ چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل صبحت پور مسعود احمد کھوسہ نے محکمہ آبپاشی کے تمام ذمہ داران سے پُرزور مطالبہ کیا ہے کہ کہ اُچ کینال، منچھوٹی شاخ، شاہی کینال، نصیر شاخ، جھنڈ یر شاخ اور ضلع کی دیگر تمام نہروں میں پانی کی بلاتعطل فراہمی فوری طور پر یقینی بنائی جائے۔ ضلع صبحت پور کے کسان شدید پریشانی کا شکار ہیں، کسان کھیت کو پانی دینے کی ایک ایک بوند کے لئے ترس رہے ہیں، فصلیں سوکھ رہی ہیں اور محنت کش کسان کی سال بھر کی امیدیں خطرے میں ہیں، اگر بروقت پانی فراہم نہ کیا گیا تو اس کا نقصان صرف ایک کسان کا نہیں بلکہ پورے ضلع کے مستقبل کا ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کسان زندہ ہوگا تو زراعت زندہ ہوگی، زراعت زندہ ہوگی تو ضلع خوشحال ہوگا۔

بقیہ 1

ہے، موجودہ دور کی سفارت کاری میں معیشت بھی اتنا ہی اہم جزو ہے۔اسحاق ڈار کا مزید کہنا تھا کہ تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے کاوشوں کو دور کنے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ٹی، کان کنی، توانائی سیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کا خیر مقدم کریں گے۔

بقیہ 2

اور قومی سیاست پر اس کے منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔نوازہ دہ جمال خان ریسانی نے شہید قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پاکستان کو متفقہ 1973 کا آئین دیا، ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی، خارجہ پالیسی کو مضبوط بنایا اور عام شہریوں کو سیاسی شعور آواز اور قادر عطا کیا۔انہوں نے کہا کہ جنیز میں بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے مشن کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آئین کی بالادستی، پارلیمان کی مضبوطی اور عوام کے حق حکمرانی کے لیے جمہوری جدوجہد جاری رہے گی، کیونکہ جمہوریت ہی ایک مضبوط، متحد اور خوشحال پاکستان کی ضمانت ہے۔

بقیہ 3

ہے۔ایرانی خبرساں ادارے تسنیم سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت برائے امور خارجہ ڈاکٹر ہیدر ماسکو ایران اسرائیل کے ساتھ جنگ کے بعد بھی ماسکو ایران کے ساتھ اپنی سٹریٹک شراکت داری جاری رکھنے کیلئے تیار ہے۔سابق روسی صدر نے یہ بیان تہران میں دایجہان وایران کے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ اور تدفین کے عمل میں شرکت کیلئے روسی وفد کی قیادت کر رہے ہیں۔قبل ازیں ایک بیان میں وزیر مملکت مسز ہیدر ویف نے کہا تھا کہ امریکہ کے خلاف جدوجہد میں ایرانی قوم تاج بن کر ابھرے گی، ایرانی قوم امریکہ یا کسی بھی روسی وفد کی ایران کے صدر سے بھی ملاقات ہوئی، جہاں مسعود پزشکیان نے ایران روس سٹریٹک معاہدوں پر عمل میں تیزی پر زور دیا۔

بقیہ 4

میں رنجیں ڈال کر رکھا گیا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بازیاب ہونے والے شخص کے جسم پر تشدد کے واضح نشانات موجود تھے اس کے ساتھ تشویشناک ہیں۔ پولیس کے مطابق مقتول شخص کو نوید قادر کا بیٹا بتایا جا رہا ہے۔ واقعے کے بعد طرفین کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے اور تحقیقات کی روشنی میں مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 5

تاریخی شہر احتیول میں صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات میرے لیے انتہائی اعزاز کی بات ہے، ہماری گفتگو میں پاکستان ترکیہ سٹریٹجک شراکت داری کے تمام اہم پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا۔انہوں نے اتحاد کی ترکیہ صدر کے ساتھ تعزیات کے حل اور تین الاقوامی امن و سلامتی کے تحفظ کیلئے مکالمہ ہوا۔ واقعے کے بعد طرفین کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لیا جا رہا ہے اور تحقیقات کی روشنی میں مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 6

واقعے میں دو بچے زخمی ہوئے ہیں۔ذرائع کے مطابق شدید آتشی سے گئی گھروں کے سلرسٹور اور سلرز چلنگ کو بھی نقصان پہنچا، جبکہ مقامات پر مالی نقصان کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔بارش کے باعث مذکورہ نالوں میں طغیانی آگئی، جس سے آمدورفت متاثر ہوئی اور نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہوگیا، جس کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔متاثرہ افراد نے ضلعی انتظامیہ سے فوری امداد کی اپیل کی ہے، جس کے باعث متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن مدد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 7

بنے ہوئے ہیں، وزیر اعظم سے کہا کہ عمل کے حوالے سے لگائے الزامات کی باقاعدہ انکوائری کرائی جائے۔انہوں نے کہا کہ ٹیلی کام بل کا مقصد ملک میں میز فراہ انٹرنیٹ کی فراہمی ہے، اتفاق سے قانون سازی کی جارہی ہے۔اس موقع پر وفاقی وزیر قانون اعظم نزیر تارڑ کا کہنا تھا کہ نجی پراپرٹی سے فاہبر بچھانے کیلئے مالک کی اجازت لینا ہوگی، ٹیلی کمیونیکیشن ایکٹ کا بل 76 کے ساتھ منظور کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کینٹی کو کسی ایک کینٹی کو نوازنے کے شواہد نہیں ملے۔ٹیلی نے بل میں تمام دور کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 8

جہاں امدادی ٹیموں نے زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی۔ہائیل میں موجود ایک طالب علم نے آڈیو پیغام میں بتایا کہ دھماکے کے بعد پورے ہاسٹل کی سیکورٹی رات کو گئی اور طلبہ کی حفاظت کو یقینی بنایا گیا۔ واقعے کے بعد طلبان حکومت کی جانب سے دھماکے کی نوعیت، اسباب یا ملکہ ذمہ داروں کے بارے میں کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا۔افغانستان انٹرنیشنل نے ایک اور پوسٹ میں دعوی کیا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے کمانڈر خالد مسعود کو افغانستان کے صوبہ غورنی میں نشانہ بنایا گیا ہے۔

بقیہ 9

سے زیادہ افراد نے مختلف اسٹیشنوں کے درمیان سفر کیا۔رپورٹ کے مطابق نماز جنازہ اور آخری رسومات میں لاکھوں افراد کی شرکت کی ویڈیو شئر کیے گئے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ دو طرفہ گاڑیوں کے بجائے میٹرو سسٹم استعمال کریں تاکہ ٹریفک کی روانی برقرار رہے اور عوام کو آمدورفت میں آسانی فراہم کی جاسکے۔تہران میٹرو اتھارٹی کے ترجمان نے جمعہ کو بتایا کہ تہران میں جنگ بندی کے بعد سے تہران میٹرو اسٹیشنوں پر عملے کی تعداد بھی بڑھا دی گئی تاکہ مسافروں کی رہنمائی اور سہولت کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 10

پاک فضائیہ کے آفیسر پر فائرنگ کردی۔ذرائع کے مطابق پاک فضائیہ کا آفیسر جاں بحق ہوگیا، ملزم موقع سے کار میں سوار ہو کر فرار ہوگیا، ڈی کو پولیس

ازیں ایک ایک بیان میں وزیر مملکت مسز ہیدر ویف نے کہا تھا کہ امریکہ کے خلاف جدوجہد میں ایرانی قوم تاج بن کر ابھرے گی، ایرانی قوم امریکہ یا کسی بھی روسی وفد کی ایران کے صدر سے بھی ملاقات ہوئی، جہاں مسعود پزشکیان نے ایران روس سٹریٹجک معاہدوں پر عمل میں تیزی پر زور دیا۔

بقیہ 11

جو ہیدیتھ قوم کے لیے باعث فخر رہے گی۔ اقوام کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری کیا گیا۔ سعادت کی بات ہے کہ ہم کا گلگل کے محاذ پر کیپٹن گرگل شیر خان شہید کی غیر معمولی بہادری، قائدانہ صلاحیت اور فرض شناسی نے نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔انہوں نے کہا کہ کیپٹن گرگل شیر خان شہید اپنے سینٹر پر ہے اور اپنے ملک کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام سے یاد رکھے گی۔انہوں نے کیپٹن گرگل شیر خان شہید کے درجات کی بلندی، اہل خانہ کے لیے صبر جمیل اور ملک کی سلامتی وخوشحالی کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ 12

مذہبی جذبات مجروح کرنے، نفرت انگیز مواد پھیلانے یا فرقہ وارانہ کشیدگی پیدا کرنے کے سوشل میڈیا کے سینیٹ فلور استعمال پر قانون کے مطابق تخت کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 13

شرینڈ عناصر اب قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے اور انتشار پھیلانے پر اتر آئے ہیں۔سرفہ خواجہ مہران خراب کرنے کیلئے اوچھے ہتھنڈے استعمال کر رہے ہیں۔ سلیکشن گریڈ کیپٹنیل شاہ شفیق، سلیکشن گریڈ کیپٹنیل محمد صفیر، کانسٹیبل محمد اشتیاق اور کانسٹیبل ذیشان اسحاق کو اغوا کیا گیا۔انتہاری کمیٹی کے شرپسندوں نے آزاد کشمیر پولیس کے 4 اہلکاروں کو اپنے گھر سے ڈیوٹی کے لیے روانگی کے بعد اغوا کیا گیا۔اڑتالیس گھنٹے گزرنے کے 4 اہلکار اب بھی انتہاری کالعدم ایکشن کمیٹی کے شرپسند عناصر کی حراست میں ہیں۔اس سے قبل آئی او کو اغوا کرنے پر تشدد کا نشانہ بنایا تھا جبکہ سی ٹو لیس اہل آئی او کو اغوا کرکے تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا جبکہ سی ٹو لیس اہل آئی او کو اغوا کرکے تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ قوم انتہاری کے کالعدم ایکشن کمیٹی کے شرپسند عناصر کی حراست میں ہے۔ہم کا گلگل کے محاذ پر کیپٹن گرگل شیر خان شہید کی غیر معمولی بہادری، قائدانہ صلاحیت اور فرض شناسی نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔انہوں نے کہا کہ کیپٹن گرگل شیر خان شہید کی ویڈیو شئر کی جا رہی ہے، واقعہ کی سخت نوٹس لیا جائے۔سلیکشن گریڈ کیپٹنیل شاہ شفیق، سلیکشن گریڈ کیپٹنیل محمد صفیر، کانسٹیبل محمد اشتیاق اور کانسٹیبل ذیشان اسحاق کو اغوا کیا گیا۔

بقیہ 14

رہے گی، پاکستان کے شہداء اتنا قومی سرمایہ ہیں، ان کی قربانیوں کو بھیشہ قدر و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کی مقروض ہے، اتنی قربانیوں کا کیا جائے گا کہ قائد اعظم کے ساتھ ہی پاکستان کی تعمیر کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ کیپٹن گرگل شیر خان شہید کی جدوجہد کی بنیاد پر وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے خراج عقیدت پیش کیا گیا۔شہباز شریف نے کہا کہ کیپٹن گرگل شیر خان شہید کی لازوال قربانیاں پاکستان کی عسکری تاریخ کا درخشاں باب ہے، یہ قربانی عادر وفن سے وفاداری اور شجاعت کی اعلی مثال ہے۔قربانی نے وطن کو استوار کیا ہے کہ ہمیں یہ کہنا تھا کہ کیپٹن گرگل شیر خان شہید کی عظیم قربانی یہ یاد دلاتی ہے کہ ہماری آزادی اور خودمختاری ہمارے شہداء کے مقدس خون کی مرہون منت ہے، جو دنیا کی بہترین افواج کے خلاف ایک ایک انچ کا تحفظ کرتے ہیں۔

بقیہ 15

سلطنے میں فیصلہ کے مرکز کو آگاہ کیا جارہے لیکن موہاتی فیصلہ نے اجلاس میں شرکت کے حکومت سازی میں شرکت یا عدم شرکت کے حوالے سے کوئی فیصلہ نہیں کیا واضح رہے کہ بلوچستان حکومت میں جمعیت علماء اسلام کو شامل کرنے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی نے دھوت دیدی لیکن جمعیت کے مرکزی قیادت نے کیندموپانی قیادت کے کوچ میں پھیک دیا صوبائی قیادت نے گزشتہ روز صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی گروپ کا مشترکہ اجلاس طلب کرکیا پارٹی کے اندرونی ذرائع نے بتایا کہ اس حوالے سے کوئی ایسا فیصلہ نہیں ہوا،جس پر کوئی نتائج سے پہنچ کے حکومت میں شامل ہونے کے لیے سب سے زیادہ کوشش کی جارہی ہے کہ جمعیت علماء اسلام کو شامل کرنے کے لیے پاکستان مسلم لیگ ن کی قیادت کو کوچ میں لایا جارہا ہے کہ اس حوالے سے جمعیت کے حصے میں آگے کی جو تجاویز سامنے آئی ہیں ان پر غور ہو رہا ہے۔ذرائع کے مطابق دونوں جماعتوں کو سیاسی شعور آواز اور قادر عطا کیا۔انہوں نے کہا کہ جنیز میں بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے مشن کو آگے بڑھانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آئین کی بالادستی، پارلیمان کی مضبوطی اور عوام کے حق حکمرانی کے لیے جمہوری جدوجہد جاری رہے گی، کیونکہ جمہوریت ہی ایک مضبوط، متحد اور خوشحال پاکستان کی ضمانت ہے۔

بقیہ 16

کے چار افراد زخمی ہوگئے جبکہ علاقے میں شدید کشیدگی ہے اور مزید خونریزی کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے، پولیس کے مطابق زمین کے تنازع پر دونوں فریقین کے درمیان تصادم ہوگیا اور فائرنگ کی گئی، گولیاں لگنے سے برکت سلفانی، شمیم ملفانی، مرقان احمد ملفانی اور ذاہد ملفانی زخمی ہوگئے، جنہیں پولیس ملاقے کے لیے اسپتال منتقل کردیا، اطلاعات کے مطابق واقعے کے بعد دونوں گروہوں کے درمیان کشیدگی برقرار ہے اور دھمکے و فائرنگ کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔

بقیہ 17

مصری وزیر خارجہ بدرعبدالعاطی نے کہا کہ یہ اقدام دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی میں مزید کمی لائے، ملنے میں 30 گھنٹے کا سفر ہے اور معاملہ کی حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے اس کو ایک ہی دن میں طے کیا۔ہم نے کہا کہ کینٹی کو سرگرمیوں، آئندہ کا عمل اور صلح بحر کے تکنیکی مباحثی امور پر تفصیلی غور کیا گیا، چند تفصیل اچھل، بیلوا اور اکھڑا کے ذمہ داران نے اپنی مشاہدتی تکنیکی کارکردگی پر روشنی ڈالی گئی۔ تکنیکی فعالیت کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اہم تجاویز اور ہدایات بھی جاری کی گئیں۔اجلاس میں متعلقہ وزیر منظوری کی قرارداد میں ضلع لسبیلہ میں دیوی) مسک (کی کتائی اور خریدو فروخت پر عائد پابندی مسترد کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ عوام سے روزگار کے ذرائع چھیننے کے بجائے انہیں بااعزت روزگار فراہم کیا جائے اور مذکورہ پابندی کو فوری طور پر ختم کی جائے۔ مقرریں نے مطالبہ کیا کہ مقامی افراد کو ترجیحی بنیادوں پر ملازمتیں دی جائیں جبکہ سیاحت اسٹیمر اور کشتی رانی کے لیے ایک جامع پالیسی مرتب کی جائے تاکہ مقامی آبادی کو روزگار کے مواقع میسر آسکیں اور علاقائی سیاحت کو فروغ دیا جاسکے۔ مقررین نے کہا کہ ماہی گیری کو صنعت کا درجہ دیا جائے تاکہ اس شعبے کو ترقی دی جاسکے اور مقامی ماہی گیروں کو سہولیات فراہم کی جائیں

بقیہ 1

شاہراہِ پریڈیک بالا کوٹ جاری ہے۔

بقیہ 10

کشمیر دو اقدام قابل مذمت کے خلاف کیا گیا احتجاج آئین اقدام دراصل عوام کے حق رائے دہی اور جمہوری مستقبل پر حملہ تھا، شہید بینظیر بھٹو نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کے مشن کو ہر مشکل حالات میں ثابت قدمی سے آگے بڑھایا اور اسی روایت کے تحت شہید بینظیر بھٹو نے پرنٹی زندگی جدوجہد کی، قربانیاں کیں اور اپنے لہو سے اپنے گھر کو سینچا، انہوں نے کہا کہ قائداعظم کے جمہوری خواب کی تعبیر کی عظیم قربانی عبقری شہید کے لیے حوصلہ، عزم اور حب الوطنی کی روشن مثال بنی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی مسلح افواج اور شہداء کی لازوال قربانیوں پر فخر کرتی ہے، وطن عزیز کے دفاع کے لیے جان کا نذرانہ پیش کرنے والے ہر سپوت کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 3

کوئی ایرانیہ حیدری میں واقع تھے دائے کے پاس پرتا تھا اس کا ایک تھیلا برآمد ہے، مقتول یہی چیز میں کے پاس مزدوری کا کام کرتا تھا۔ یہی چیز تصدیق کی ہے۔ واقعہ کے وقت مقتول موبائل فون پر بات چیت کر رہا تھا کہ ایک موٹر سائیکل پر 3 افراد آ اور بات چیت کرنے کے بعد اسٹیم فارنگ کے قتل کر دیا اور فرار ہوئے، مقتول کے پاس سے ایک موبائل فون اور ایک ہزار 600 روپے سے زائد کی رقم اور ایک 10 جولائی کا جاوز جاری والی ہیں کا کٹ ملا ہے۔ جائے وقوع کے قریب موجود ایک ہوٹل کے ملازم نے بتایا کہ مرنے والا مزدور تھا، تین نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان آئے اور اس سے موبائل فون اور جیب میں موجود رقم مانگ رہے تھے جس پر اس نے نہیں دی، ملزمان اور مزدور سواروں نے اس دو گولیاں ماریں اور فرار ہوگئے۔ پولیس نے کہا کہ واقعہ کی تحقیقات کر رہے ہیں۔

بقیہ 4

کوئی طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ دشوار آزما علاقے کے باوجود رسکیو ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ذخمی خاتون کو بحفاظت ہیلی کاپٹر کے ذریعے کوہ ہندوکش سے باہر نکالا۔ رسکیو حکام کا کہنا ہے کہ ذخمی خواتین کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، ذخمی خواتین کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، مطابق تحقیقات کی جائے گی۔ ذخمی خواتین کو علاج کے لیے قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ امدادی کارروائی کے دوران رسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ خواتین کو محفوظ طریقے سے کھائی سے باہر نکالا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حادثہ خراب موسم کے باعث پیش آیا، جس کے نتیجے میں ذخمی گاڑی کو پرتا کو نہ رکھ سکا اور کھائی میں گر گئی۔ حکام کے مطابق ذخمی خواتین کی حالت کو خطرہ سے باہر قرار دیا گیا ہے۔ رسکیو ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ذخمی خواتین کو محفوظ طریقے سے کھائی سے باہر نکالا۔ رسکیو حکام کا کہنا ہے کہ

شہید ذوالفقار علی بھٹو کی قربانیاں ہمیشہ زندہ رہیں گی، غلام اسرول عمرانی

قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کو متفقہ آئین دیا اور غریبوں، مزدوروں اور محروم طبقات کو باوقار زندگی گزارنے کا شعور بخشا

5 جولائی پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن، منتخب حکومت کا تختہ الٹ کر جمہوریت کا گلا گھونٹا گیا، صوبائی مشیر لیبر بینڈ مین پاور

کوئٹہ: کیپٹل انسٹرا سٹاف اتحاد کے زیر اہتمام (ر) ملازمین کے اعزاز میں اور گرامر اس سکولز میں اضافے بلدین ریٹائرڈ شفیع اللہ کاکڑ، ریٹائرڈ شفیع اللہ کاکڑ، ریٹائرڈ محمد اسلم خان، ریٹائرڈ محمد اسلم خان، ریٹائرڈ محمد اسلم خان